For More Urdu Books Visit urdukitabain.blogspot.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

HTML

از: ایم عدنان

www.urdupages.com

urdukitabain.blogspot.com For More Urdu Books Visit

HTML

For More Urdu Books Visit urdukitabain.blogspot.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پریمئر ممبرز کے لیے پریمئر سلسلوں کا پہلا پریمئر ٹوریل

السلام وعلیکم **پریمئر** ممبرز۔

کیا حال ہیں آپ سب کے؟ جی تو آج سے **اردو پیجز** ڈاٹ کام پر **پریمئر** ممبرز کے لیے چند مستقل اور بہت اچھے سلسلے شروع کیے جا رہے ہیں۔ ایسے تمام سلسلے جن سے ان کو بے حد فائدہ پہنچے گا۔ ان مستقل سلسلوں کا آغاز آج میں آپ لوگوں کے سامنے اس سیکشن کے لیے پہلا ٹوریل لکھ کر کر رہا ہوں۔ میرے ٹوریل ایچ ٹی ایم ایل پر ہوں گے۔ اور میں پوری کوشش کروں گا کہ جتنا میرے علم میں ہے یا جتنی میں سرچ کر سکا۔ وہ سب آپ لوگوں کو بتا سکوں۔ تو آئیے آج کے اس پہلے ٹوریل کا باقاعدہ آغاز کرتے ہیں۔

H T M L یہ چار الفاظ مل کر بنتے ہیں۔ ہائپر ٹیکسٹ مارک اپ لینگویج۔ یہ ایک کمپیوٹر لینگویج ہے۔

سب سے پہلے میں اس بات کو بتا کر دوں کہ کمپیوٹر لینگویج کیا ہوتی ہے۔ جیسا کہ آپ سب یہ بات اچھی طرح سے جانتے ہیں کہ لینگویج ایک ایسا ذریعہ ہے جو کہ دو انسانوں کے درمیان اپنا اپنا پیغام پہنچانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ لیکن جہاں بات کمپیوٹر لینگویج کی ہوتی ہے تو ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ایک ایسی زبان جو کہ انسان اور کمپیوٹر کے درمیان کمیونیکیشن کا کام کرتی ہے۔ جسے ہم ایسے بھی ڈیفائن کر سکتے ہیں۔

Computer language is a way of communication between man and computer, that tells the computer what men wants.

HTML ایک ایسی لینگویج ہے جو کہ ہمیں ویب پیج بنانے میں مدد دیتی ہے۔ اس لینگویج کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس کے لیے کسی خاص سوفٹ ویئر کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ آپ اس کی کوڈنگ کسی بھی ٹیکسٹ ایڈیٹر سوفٹ ویئر میں کر سکتے ہیں۔ جیسے Word Pad یا پھر Note Pad ۔ لیکن ان دونوں میں نوٹ پیڈ کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے۔

HTML کے کچھ قواعد وضوابط ہوتے ہیں۔ میں تمام قاعدے آغاز میں ہی بتا کر آپ لوگوں کو پریشان کرنے کی بجائے ساتھ ساتھ بتاتا رہوں گا۔ ابھی صرف حساب (میتھ) کا ایک فارمولا یاد رکھیں کہ آپ جب بھی کوئی بریکٹ کھولتے ہیں۔ تو اس کو لازمی بند بھی کرتے ہیں۔ HTML میں اس قانون کو ٹیگز کا نام دیا جاتا ہے۔ اس ان کو Lessthan Sign اور Greaterthan Sign کی مدد سے لگایا جاتا ہے۔ ساری HTML میں آپ نے یہ قانون مدِ نظر رکھنا ہے۔ اگرچہ یہ قانون ساری HTML پر لاگو نہیں ہوتا۔ لیکن پھر بھی آپ اس قانون کو اپنے ذہن میں رکھیں۔ جہاں پر اس قانون کی ضرورت نہ ہوئی میں آپ لوگوں کو وضاحت کے ساتھ بیان کر دوں گا۔

باتوں میں الجھنے کی بجائے کام کی طرف واپس آتے ہیں۔ سب سے پہلے اپنے نوٹ پیڈ کو اوپن کریں۔ نوٹ پیڈ اوپن کرنے کا طریقہ میں آپ لوگوں کو بتا دیتا ہوں۔ سٹارٹ میں جا کر پروگرامز اور اس میں سے اسیسریز کو سلیکٹ کریں گے تو آپ کو نوٹ پیڈ نظر آ جائے گا۔

جاری ہے۔۔۔

urdukitabain.blogspot.com For More Urdu Books Visit

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پریمئر ممبرز کے لیے پریمئر سلسلوں کا پہلا پریمئر ٹٹوریل

نوٹ پیڈ کھولنے کے بعد آپ اللہ کا نام لے کر اس میں کوڈنگ لکھنا شروع کریں گے۔ سب سے پہلے آپ نے اس فائل میں یہ بات ڈیفائن کرنا ہے کہ آپ HTML کوڈ لکھ رہے ہیں۔ اس کے لیے مندرجہ ذیل
کوڈنگ لکھیں گے۔ بعد میں میں اس سب کو باری باری ڈیفائن کرواتا ہوں۔

```
<html>
    <head>
        <title>
            My First HTML Page
        </title>
    </head>
        <body>
            This is My First Message on my own Web Page.
        </body>
</html>
```

فروغ علم کیلئے کوشاں اُردو پیجز ڈاٹ کام
اُردو پیجز
قومی زبان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کی تعلیم کی جانب پہلا قدم

جی تو جناب اس کو میں نے رنگ برنگا کر دیا ہے تاکہ آپ لوگوں کو سکھا سکوں۔ آپ یہ کوڈ نوٹ پیڈ میں لکھیں اور اس فائل کو سیو کروا دیں۔ یاد رکھیں کہ فائل سیو کروانے کے لیے فائل کی ایکسٹینشن htm رکھنا ہے۔ جیسے ہی آپ اس کوڈ فائل کو سیو کریں گے تو آپ کی اس لوکیشن پر جس پر آپ نے یہ والی فائل سیو کی ہوگی۔ انٹرنیٹ ایکسپلورر کی ایک فائل بن جائے گی۔ اس پر ڈبل کلک کریں اور رزلٹ دیکھیں۔
اس بارے میں اور اس تمام کوڈنگ کے بارے میں تفصیلی بات چیت اگلے ٹیوٹوریل میں ہوگی۔ امید ہے کہ آج کا یہ سارا کام **پریمئر** ہی ہوگا۔ اور آپ لوگوں کو پسند آئے آپ لوگوں کے جوابات کا انتظار رہے گا۔

پاکستان میں انٹرنیٹ پر کمپیوٹر کی تعلیم دینے والی پاکستان کی سب سے بڑی ویب سائٹ
اردو پیجز ڈاٹ کام
کیا آپ نے پریمیم ممبرشپ حاصل کرلی ہے۔۔۔۔؟
www.urdupages.com


My Documents
INPAGE
Muhammad Ad
Internet
Internet Explorer
E-mail
Outlook Express
ACDSee 6.0
Microsoft Office Exce
Microsoft Office Wor
INPAGE
Paint
MSN Messenger 6.2
All Programs
start
Microsoft Office
New Office Document
Open Office Document
Set Program Access and Defaults
Windows Catalog
Windows Update
WinZip
Yahoo! Messenger
3B Software
Accessories
ACD Systems
DoubleDesktop
Games
Microsoft Office
Oracle for Windows NT
Oracle Forms 6i
Oracle Forms & Reports 6i
Oracle Forms & Reports 6i Direct Drivers
Oracle Forms & Reports 6i Doc
Oracle Olap Client 2.2
Oracle Reports 6i
Private Desktop
Startup
WhenU
WinRAR
WinZip
Adobe ImageReady CS
Adobe Photoshop CS
Internet Explorer
Microsoft FrontPage
MSN Explorer
MSN Messenger 6.2
Outlook Express
Remote Assistance
Accessibility
Communications
Entertainment
System Tools
Address Book
Calculator
Command Prompt
Notepad
Paint
Program Compatibility Wizard
Synchronize
Tour Windows XP
Windows Explorer
Windows Movie Maker
WordPad
Scanner and Camera Wizard

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محفل سیکشن

ایچ۔ٹی۔ایم۔ایل پارٹ 2

السلام وعلیکم دوستو! کیا حال ہیں آپ کے؟ امید ہے کہ آپ سب اللہ کے فضل و کرم سے اچھے ہوں گے۔ جی دوستو! اس سے پہلے آپ لوگ ایچ۔ٹی۔ایم۔ایل ٹوریل سلسلے کی پہلی قسط پڑھ چکے ہوں گے۔ آج اسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہیں۔ اور اس سے اگلا کام دیکھتے ہیں۔ اس سے پچھلے ٹوریل میں میں نے آپ لوگوں کو یہ بتایا تھا کہ ایچ۔ٹی۔ایم۔ایل کیا ہوتی ہے۔ اور اس کا کوڈ کیسے لکھا جاتا ہے۔ اور ساتھ ہی آپ لوگوں کو اس کا کچھ کوڈ کچھ کر دیا تھا۔ آج میں اسی کوڈ باری باری ڈیفائن کروں گا۔ اس میں استعمال ہونے والی تمام چیزوں کے بارے میں بتاؤں گا کہ وہ سب کہاں کہاں استعمال ہوتی ہیں۔

```
<html>
    <head>
        <title>
        My First HTML Page
        </title>
    </head>
                <body>
        This is First message on my own website.
                </body>
</html>
```

جی دوستو! اب میں اس سارے کوڈ کو سمجھاتا ہوں۔

<HTML> < > یہ دونوں ٹیگز ہیں۔ اور ان کے بارے میں میں آپ لوگوں کو اس سلسلے کے پہلے ٹوریل میں بتا چکا ہوں۔ HTML ہائپر ٹیکسٹ مارک اپ لینگویج۔ یہ مکمل ٹیگ آپ کے ٹیکسٹ ایڈیٹر کو بتاتا ہے کہ آپ کی یہ فائل HTML ہے۔ اس سے پہلے میں بتا چکا ہوں کہ جو ٹیگ آپ اوپن کریں۔ گے جہاں پر ان کا اثر ختم کرنا ہوگا وہیں ان کو بند بھی کرنا ہے۔ چونکہ آپ ساری کوڈنگ ایچ ٹی ایم ایل کی کریں گے۔ اس لیے یہ والا ٹیگ ساری کوڈنگ کے بعد میں ہی بند ہوگا۔ لہذا سب سے آخر میں اس ٹیگ کو بند بھی کر دیا گیا ہے۔

جاری ہے---

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محفل سیکشن

ایچ۔ٹی۔ایم۔ایل پارٹ 2

<HEAD> <TITLE> یہ ٹیگ آپ کی ویب سائٹ کا ہیڈ بنتا ہے۔ جیسے آپ یہ چاہتے ہیں۔ کہ آپ کی ویب سائٹ میں سب سے اوپر ٹائٹل بار میں آپ کو جو بھی میسج نظر آئے وہ ہی آپ اپنے ہیڈ ٹائٹل میں لکھ دیں۔ اب ذرا آپ اس کے ٹیگ پر غور کریں کہ اس کو فوراً ہی بند کر دیا گیا ہے۔ اس لیے کہ آپ نے ہیڈ ٹائٹل کو ڈیفائن کروالیا ہے۔ اور اب اس کا اثر ختم ہو جائے گا۔ لہٰذا جہاں پر اس ٹیگ کا اثر ختم کرنا ہو گا فوراً ٹیگ کو بند کر دیں۔

<BODY> یہ وہ میسج ہے جو کہ آپ اپنی ویب سائٹ پر لکھنا چاہتے ہیں۔ اب آپ کی تمام کی تمام ایچ ٹی ایم ایل کوڈنگ اسی ٹیگ کے اندر رہ کر ہوگی۔ باڈی میسج میں آپ اپنی تمام ایچ ٹی ایم ایل کوڈنگ کریں گے۔ اور جو کچھ بھی آپ باڈی میں لکھیں گے۔ وہ آپ کی ویب سائٹ پر نظر آنا شروع ہو جائے گا۔

جی تو جناب یہ تھی ایچ ٹی ایم ایل کے بیسک کوڈنگ کی کچھ باتیں۔ اب آتے ہیں ہم اپنے آج کے کام کی جانب اور اسی سلسلے کو کچھ آگے بڑھاتے ہیں۔ اس تمام کوڈنگ کو آپ نے html ایکسٹینشن کے ساتھ سیو کرنا ہے۔ اور جہاں پر آپ نے یہ والی فائل سیو کی ہوگی۔ وہاں پر جا کر اس فائل پر ڈبل کلک کرنے سے وہ فائل رن ہو جائے گی۔ اور اس کوڈنگ کا رزلٹ آپ کے سامنے سکرین پر نظر آجائے گا۔ ایک بار آپ نے کوئی فائل اوپن کی ہوئی ہے۔ اور بعد میں کوئی تبدیلی کر کے اس فائل کو سیو کر لیا ہے تو بعد میں بجائے اس کے آپ دوبارہ اس فائل پر ڈبل کلک کریں اور فائل کو رن کریں۔ فائل کو بند کیے بغیر اپنے براؤزر کو ریفریش کر لیں۔

جاری ہے۔۔۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محفل سیکشن

ایچ۔ٹی۔ایم۔ایل پارٹ 2

اپنے ٹیکسٹ کو بولڈ کرنا۔

اگر آپ باڈی میسج کو عام فونٹ سے ذرا سا موٹا کر کے دیکھنا چاہتے ہیں۔تو اس کام کے لیے<b> کا ٹیگ استعمال کیا جاتا ہے۔ دوسرے ٹیگز کی طرح سے آپ کو اس ٹیگ کو بھی بند کرنا ہوگا۔اور اپنے میسج کا وہ حصہ جو کہ آپ موٹا کر کے لکھنا چاہتے ہیں۔وہ اس ٹیگ کے اندر لکھیں۔مثلاً۔

```
<body>
Welcome on <b>UrduPages</b>.com
</body>
```

باڈی میں یہ والی کوڈنگ لکھنے سے آپ کا براوزر آپ کو یہ والا رزلٹ دے گا۔

Welcome on **UrudPage**.com

ایک بات ہمیشہ یاد رکھیں کہ جو بھی حرف آپ لوگوں نے بولڈ کرنے ہیں۔ان کو ٹیگز کے اندر لکھیے۔اگر آپ کے مطلوبہ لفظ ٹیگز سے باہر ہوں گے۔تو آپ کو مطلوبہ نتائج نہیں ملیں گے۔

جی دوستو! یہ تھا آج کا کام انشاءاللہ آئندہ اس سے اگلے ٹیوٹوریل میں باقی کی باتیں آپ لوگوں کو بتاؤں گا مجھے یقین ہے کہ جتنا بھی میں نے آپ لوگوں کو اب تک بتایا ہے وہ آپ لوگوں کو کافی اچھی طرح سے سمجھ آ گیا ہوگا۔مزید کسی بھی قسم کی مشکل میں آپ مجھ سے یا اردو پیجز ڈاٹ کام کی ٹیم کے کسی بھی ممبر سے اس بارے میں پوچھ سکتے ہیں۔اس دعا کے ساتھ کہ اللہ آپ لوگوں کو ہمیشہ خوش رکھے۔اور اس امید کہ ساتھ کہ ہم لوگ بہت جلد پھر ملیں گے مجھے دیں اجازت۔اللہ حافظ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محفل سیکشن

ایچ۔ٹی۔ایم۔ایل پارٹ 3

السلام وعلیکم دوستو!

لیں جی ایچ۔ٹی۔ایم۔ایل کے تیسرے حصے کے ساتھ آپ لوگوں کی خدمت میں حاضر ہوں۔ ویسے ایک بات تو بتائیں پہلے دونوں حصوں کی کچھ سمجھ لگی بھی تھی یا نہیں؟؟ اگر نہیں تو بتا دیں تاکہ میں اپنے بتانے کا طریقہ تبدیل کر لوں۔ اور اگر سمجھ آ رہی ہے تو پھر ٹھیک ہے۔ اچھا جی تو باتیں کیے بغیر آج کا کام شروع کرتا ہوں۔ پچھلے ٹوریل میں میں نے آپ لوگوں کو ٹیکسٹ کو بولڈ کر کے لکھنا بتایا تھا۔ آج اسی کام کو وہیں سے ہی شروع کرتے ہیں۔

ٹیکسٹ کو انڈر لائن کرنا:۔

ٹیکسٹ کو انڈر لائن کرنے کا مقصد آپ لوگ اچھی طرح سے جانتے ہوں گے۔ کہ کسی لکھی ہوئی پوری ایک لائن میں یا ایک پیراگراف میں سے کسی خاص حصے کو آپ لوگ واضح انداز میں بتانے میں بتانا چاہتے ہیں۔ تو اس کو انڈر لائن کر دیا جاتا ہے۔ یا بولڈ کر دیا جاتا ہے یا پھر تھوڑا اسائیز بڑھا کر کے اس ٹیکسٹ کو لکھ دیا جاتا ہے۔ کمپیوٹر کے اوپر تقریباً ہر سوفٹ ویئر آپ لوگوں کو یہ تینوں کام کرنے کی سہولت دیتے ہیں۔ کیونکہ کسی بھی سوفٹ ویئر میں یہ سب بیسک حصہ ہوتے ہیں۔ ایچ۔ٹی۔ایم۔ایل میں یہ کام کیسے ہوتا ہے آج ہمارا ٹاپک یہی ہے۔ جی تو جناب ٹیکسٹ کو انڈر لائن کرنے کے لیے جو ایچ۔ٹی۔ایم۔ایل کا جو ٹیگ استعمال ہوتا ہے۔ وہ <u> ہے۔ یو یعنی کہ انڈر لائن۔ اور ایک بات میں آپ لوگوں کو بہت پہلے بتا چکا ہوں کہ ایچ۔ٹی۔ایم۔ایل میں آپ لوگوں نے جو ٹیگ کھولنا ہے اس کو بند بھی ضرور کرنا ہے۔ اور کسی بھی ٹیگ کو بند کرنے کے لیے آپ اسی ٹیگ کے شروع میں سلیش لگا دیتے ہیں۔

جاری ہے۔۔

urdukitabain.blogspot.com For More Urdu Books Visit

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محفل سیکشن

ایچ-ٹی-ایم-ایل پارٹ 3

ٹیکسٹ کو ٹیڑھا کر کے لکھنا۔(Itelic)

جی دوستو! اس سے پہلے میں نے آپ لوگوں کو ٹیکسٹ کو انڈر لائن کرنا بتایا۔ اب اسی ٹیکسٹ کو اٹیلک کر کے لکھیں۔ ٹیکسٹ کو اٹیلک کر کے لکھنے کے لیے ایچ۔ٹی۔ایم۔ایل میں <i> کا ٹیگ استعمال کیا جاتا ہے۔ اور اسی ٹیگ کو آخر میں بند بھی کرنا پڑتا ہے۔ </i>

ٹیکسٹ کو ٹائپ رائٹر فارم میں لکھنے کے لیے۔

دوستو! جو لوگ ٹائپ رائٹر پر کام کرتے ہیں ان کے علم میں یہ بات ہوگی کہ ٹائپ رائٹر پر لکھائی کس طرح کی ہوتی ہے۔ ٹائپ رائٹر پر لکھتے ہوئے آپ کی لکھائی تقریباً ڈاٹس کی شکل میں ہوتی ہے۔ ایچ۔ٹی۔ایم۔ایل میں بالکل ٹائپ رائٹر جیسی لکھائی لکھنے کے لیے آپ لوگوں کو <tt> کا ٹیگ استعمال کرنا پڑتا ہے۔ اس ٹیگ کو </tt> کے ٹیگ سے بند کرنا پڑتا ہے۔

جی دوستو! یہ تو تھا آج کا کام۔ میں نے آج آپ لوگوں کو جتنا بھی کام بتایا۔ اس کی مکمل کوڈنگ اور رزلٹ میں نیچے تصاویر میں دکھا رہا ہوں۔ اور آپ لوگوں کی سہولت کے لیے نوٹ پیڈ میں وہ مکمل کوڈ لکھ کر فائل اسی ٹوریل کے ساتھ اٹیچ کروا رہا ہوں۔ آپ اس فائل کو ڈاؤن لوڈ کر کے کوڈنگ کو سمجھ سکتے ہیں۔ مزید کسی بھی مشکل کے لیے اردو پیجز ڈاٹ کام کی ٹیم آپ لوگوں کی بھرپور مدد کے لیے تیار ہے۔

آپ اپنے نوٹ پیڈ میں ایچ۔ٹی۔ایم۔ایل کا مندرجہ ذیل کوڈ لکھیں گے۔

(دیکھیں تصویر نمبر ایک)

تو اس کا آپ کے ویب پیج پر مندرجہ ذیل نتیجہ نکلے گا۔

(دیکھیں تصویر نمبر دو)

انتظامیہ: اردو پیجز ڈاٹ کام


UrduPages.com - Microsoft Internet Explorer
File Edit View Favorites Tools Help
Back Search Favorites
Address C:\Documents and Settings\adnan\Desktop\Web Page.html Go Links
Mujhey bohat sari Web sites ka ilam hia Lekan, UrduPages.Com Meri sab sey Pasandeeda Web Site hia. Is Web site main bohat sarey Sections hian. Aur yeh aap ko Preimum Membership ki Offer karti hia.


Web Page - Notepad
File Edit Format View Help
<html>
<head>
<title>UrduPages.com</title>
</head>
<body>
Mujhey bohat sari Web sites ka ilam hia Lekan, UrduPages.Com
Meri sab sey <u> Pasandeeda Web Site</u> hia.
Is Web site main bohat sarey <i>Sections</i> hian.
Aur yeh aap ko <tt>Preimum Membership</tt> ki Offer karti hia.
</body>
</html>